BRAMPTON Service and Information Update

برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، چرچ وِل کے علاقے میں شدید سیلابی پانی میں پھنسے ہوئے رہائشیوں کو محفوظ طریقے سے نکال رہی ہے

برامپٹن، آن (17 فروری 2022) – سٹی آف برامپٹن چرچ وِل کے علاقے میں ایک شدید سیلاب سے نمٹ رہا ہے اور پیل ریجنل پولیس کے ساتھ مل کر درج ذیل علاقوں میں باقی رہائشیوں کو محفوظ طریقے سے نکالنے کا کام جاری ہے:

- چرچ وِل روڈ کے منتخب شدہ علاقے
- مارٹنز بولیورڈ
- چرچ سٹریٹ
- وکٹوریہ سٹریٹ
- ایڈیلیڈ سٹریٹ
- کریڈٹ ویو روڈ کے منتخب شدہ علاقے

اگرچہ رہائشیوں کی اکثریت کو پہلے ہی اس علاقے سے نکالا جا چکا ہے، مگر انخلاء کے عمل کا یہ مرحلہ رات بھر جاری رہے گا اور کل اس کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا۔ برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، برامپٹن ایمرجنسی مینجمنٹ آفس، برامپٹن پبلک ورکس، برامپٹن ٹرانزٹ، پیل ریجنل پولیس، ریجن آف پیل ہیومن سروسز اور کریڈٹ ویلی کنزرویشن متاثرہ علاقوں میں موجود ہیں اور صورتحال کی نگرانی کا عمل اور ضروری کاروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

اگر رہائشی خطرے میں ہوں، تو انہیں فوری طور پر 1-1-9 پر کال کرنی چاہیے۔ میونسپل سڑکوں پر مقامی سیلاب کی اطلاع دینے کے لیے، بلاک شدہ سٹارم سیوریج گریٹس یا تہہ خانے میں سیلاب کی اطلاع دینے کے لیے، 1-1-3 پر کال کریں۔

سیلاب کے حفاظتی مشورے

انوائرنمنٹ کینیڈا نے برامپٹن کے لیے موسم کا ایک خصوصی بیان جاری کیا ہے، جس کے مطابق کل صبح تک بارش، یخ بستہ بارش اور برف باری کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ کریڈٹ ویلی کنزرویشن نے بھی سیلاب کی وارننگ جاری کی ہے۔

رہائشیوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل حفاظتی احتیاطی تدابیر پر عمل کریں:

- کھڑے پانی میں بجلی کے زیر زمین نظام اور زیر زمین یا نیچے دبائی گئی بجلی کی لائنوں سے کرنٹ دوڑ سکتا ہے۔ اپنے آپ کو، بچوں اور پالتو جانوروں کو کھڑے پانی اور بجلی کی گری ہوئی تاروں سے دور رکھیں۔
- سیلاب کا پانی تیزی سے حرکت کر سکتا ہے اور ڈوبنے کا خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ اپنی حفاظت پر دھیان دیں اور سیلاب کے پانی میں گاڑی نہ چلائیں اور نہ ہی پیدل چلیں۔
- عمارتوں کے ڈھانچے متاثر ہو سکتے ہیں اور غیر محفوظ ہو سکتے ہیں۔ اگر پورچ کی چھتوں اور اوپر لٹکتی ہوئی چیزوں سمیت گھر کی بنیادوں کو کوئی نقصان پہنچا ہو یا دراڑیں وغیرہ پڑ گئی ہوں، تو گھر کو چھوڑ دیں۔
- سیلاب کا پانی اکثر سڑکوں اور پیدل راستوں کو تباہ کر دیتا ہے۔ سڑکیں کمزور ہو سکتی ہیں اور گاڑی کے وزن سے نیچے بیٹھ سکتی ہیں۔ سیلاب کے پانی میں گاڑی نہ چلائیں اور نہ ہی پیدل چلیں۔
- سیلابی پانی میں سیوریج (بیکٹیریا، وائرس یا پیراسائیٹس پر مشتمل ہو سکتا ہے)، کیمیکلز اور ٹوٹے ہوئے شیشے کی طرح کا کوئی ملبہ بھی موجود ہو سکتا ہے۔ نشیبی علاقوں سے گریز کریں۔ اپنے آپ کو، خاندان اور پالتو جانوروں کو سیلاب کے پانی سے دور رکھیں۔
- سیلابی علاقے میں داخل نہ ہوں جب تک کہ مناسب ذاتی حفاظتی سامان اور لباس نہ پہنیں۔

تازہ ترین صورت حال کے بارے میں جاننے کے لیے ہمیں بذریعہ @BEMOPrepared ٹوئٹر پر فالو کریں اور سیلاب سے حفاظت کے بارے میں معلومات کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

The Corporation of The City of Brampton
2 Wellington Street West, Brampton, ON L6Y 4R2 311 TTY: 905.874.2130

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca